بیلٹ کا سوال

عوامی املاک کی صفائی

اس تجویز سے سڑکوں اور شہر کی دیگر املاک کو صاف کرنے کے صفائی محکمہ کے اختیارات کو وسیع کرنے اور فضلات کو کنٹینرز میں ٹھکانے لگانے کا مطالبہ کرنے کے لیے سٹی چارٹر میں ترمیم ہوگی۔

"ہاں" پر ووٹ دینے سے سڑکوں اور شہر کی دیگر املاک کو صاف کرنے، نیز فضلات کو کنٹینرز میں ٹھکانے لگانے کا مطالبہ کرنے کے لیے صفائی محکمہ کا اختیار وسیع ہوگا اور اس کی وضاحت ہوگی۔ "نہیں" پر ووٹ کرنے سے قوانین کسی تبدیلی کے بغیر حسب سابق رہیں گے۔

بیلٹ کا سوال

مجوزہ قوانین کی لاگت کے اضافی تخمینے اور بجٹ کی متعینہ معیادوں کے اپ ڈیٹس

اس تجویز سے مسودہ قوانین پر عوامی سماعتوں اور ان پر ووٹنگ سے قبل کونسل سے مالیاتی تجزیہ طلب کرنے، میئر کی جانب سے مالیاتی تجزیہ کا موقع دیے جانے، اور بجٹ کی آخری تاریخ کو اپ ڈیٹ کرنے کے لیے سٹی چارٹر میں ترمیم ہوگی۔

"ہاں" پر ووٹ دینے سے مقامی قوانین پر سماعتوں اور پر ووٹنگ سے قبل اضافی مالیاتی تجزیہ طلب کرنے، اور بجٹ کی آخری تاریخ کو اپ ڈیٹ کرنے کے لیے سٹی چارٹر میں ترمیم ہوگی۔ "نہیں" پر ووٹ کرنے سے قوانین کسی تبدیلی کے بغیر حسب سابق رہیں گے۔

بیلٹ کا سوال

عوامی تحفظ کی قانون سازی پر ووٹ سے پہلے اضافی نوٹس اور وقت

اس تجویز میں محکمہ پولس، محکمہ اصلاحات، یا فائر ڈپارٹمنٹ کے عوامی تحفظ کے کاموں سے متعلق قوانین پر سٹی کونسل کی ووٹنگ سے قبل اضافی عوامی نوٹس اور وقت دینا درکار ہوگا۔

"ہاں" پر ووٹ دینے سے محکمہ پولس، محکمہ اصلاحات، یا فائر ڈپارٹمنٹ کے عوامی تحفظ کے کاموں سے متعلق قوانین پر کونسل کے ووٹ سے قبل اضافی نوٹس اور وقت دینا مطلوب ہوگا۔ "نہیں" پر ووٹ کرنے سے قوانین کسی تبدیلی کے بغیر حسب سابق رہیں گے۔

بیلٹ کا سوال

سرمایہ کی منصوبہ بندی

اس تجویز سے شہر کی سہولیات کے سالانہ جائزے میں مزید تفصیل طلب کرنے، سہولت میں سرمایہ کی منصوبہ بندی کے لیے معلومات کی ضرورت مینڈیٹ کرنے، اور سرمایہ کی منصوبہ بندی کی مقررہ میعادوں کو اپ ڈیٹ کرنے کے لیے سٹی چارٹر میں ترمیم ہوگی۔

"ہاں" پر ووٹ دینے سے شہری سہولیات کی دیکھ بھال کی ضروریات کا جائزہ لیتے وقت مزید تفصیل مطلوب ہوگی، یہ مینڈیٹ ہوگا کہ سہولت میں سرمایہ کی منصوبہ بندی کے لیے معلومات درکار ہیں، اور سرمایہ کی منصوبہ بندی کی مقررہ معیادوں کو اپ ڈیٹ کیا جائے گا۔ "نہیں" پر ووٹ کرنے سے قوانین کسی تبدیلی کے بغیر حسب سابق رہیں گے۔

بیلٹ کا سوال

اقلیتی طبقوں اور خواتین کے زیر ملکیت کاروباری اداروں (MWBEs)، فلم پرمٹس، اور آرکائیو ریویو بورڈز

اس تجویز سے سٹی چارٹر میں ترمیم کر کے چیف بزنس ڈائیورسٹی آفیسر (CBDO) کی تقرری عمل میں آئے گی، میئر کو فلم پرمٹس جاری کرنے والے دفتر کو نامزد کرنے کا اختیار ملے گا، اور آرکائیو بورڈز کو یکجا کیا جائے گا۔

"ہاں" پر ووٹ دینے سے MWBEs کی معاونت کے لیے CBDO کا قیام عمل میں آئے گا، میئر کو فلم پرمٹس جاری کرنے والے دفتر کو نامزد کرنے کا اختیار ملے گا، اور آرکائیو بورڈز کو یکجا کیا جائے گا۔ "نہیں" پر ووٹ کرنے سے قوانین کسی تبدیلی کے بغیر حسب سابق رہیں گے۔